© rasailojaraid.com



آفتاب اقبال

# سفرنامہ خیر اندیش

المحترم کراؤ برلس،

المملکت العربیۃ السعودیہ العرب الشریف۔

ہذا معاملات خارج از حدود البرداشت لا اجازت من الٹیلی فون ولا سہولت الفیکس مشین۔ای میل۔صریحاًنی ناممکنات الدنیا۔الصحافی من الباکستان داخل فی قصر ضیافت برائے انٹرویوفی مساکین الپردیس۔تاہم ظالمین السیکورٹی وگارڈ حضرات طعام ہم فی پھینٹی زبردست۔گٹے گوڈے التباہ وبرباد۔کھنے استری اللباس، پھیتی پھیتی۔وہ گریبان الچاک شدہ۔الغرض۔

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

ذالک خواہش، الشدید، فی لطف اندوز، فی الکرکٹ من الشارجاۃ۔ولیکن لا اجازت فی الخروج فی المملکۃ العربیۃ ولا انتظام، فی دخول من المارات، ہیں جی؟ انا محدود مع فیملی فی القصر ضیافت عرف عام قفص ضیافت، حکمران الغاصب، البرویز المشرف زبردست پھوک شوک فی المیاں اظہر برائے وزارت عظمیٰ وغیرہ۔ولیکن میاں المذکور قائدنا معقول ورجل، بے فضول۔ہذا صدر، الباکستان مسلم لیگ نمبرالثانی (دونمبر) تیاری التقریر من الٹیلی ویژن۔میرے عزیز ہم وطنو!

درآں حالیکہ، التقریرالمیاں اظہر تمام عمرکثیرالکثیر (زیادہ سے زیاد) میرے عزیز ارائیو!

الشباز صاب پھڑاالشدید من الکھسن الاباجی۔ذالک ضدبازی فی معاملہ البیکم الثانی المسماۃ بنی الدختر منظور ''صاب''، المشہو رچھرانی الریس کلب لاہور۔ذالک اباجی اصرار الشدید فی طلاق المغلظہ من البنی بیگم، الیکلخت ولیکن ''شباز صاب'' الثال المٹول الحسب السابق۔

علیٰ ہذا القیاس فی المقدمات الفراڈ وکرپشن من الچوہدریان الگجرات عن قریب۔شکر الحمد وللہ رب العالمین۔کارکردگی الادارۃ المنیب (NAB) المبترین چودھریان الگجرات، میاں اظہر، واختر رسول الکھگھہ والمیاں معراج دین تمام چمچگان الاسٹیبلشمنٹ اللشین۔

والسلام

(من الخیر اندیش)

# احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر کی چیچہ وطنی میں آمد

چیچہ وطنی 15 اپریل احرار ختمِ نبوت مشن برطانیہ کے صدر شیخ عبدالواحد گزشتہ روز یہاں پہنچے، بعدازاں مرکزی ناظم نشریات عبداللطیف خالد چیمہ کے ساتھ ملاقات میں برطانیہ میں جماعتی کام بالخصوص ردّ قادیانیت کے حوالے سے ضروری مشاورت ہوئی، شیخ عبدالواحد اپنے قیام کے دوران ملتان اور لاہور کے مراکزِ احرار کا دورہ کریں گے۔ان شاءاللہ

© rasailojaraid.com